بینک دولت پاکستان

شعبہ مبادلہ پالیسی

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 04 برائے 2020ء　　　　19 مارچ 2020ء

زرِ مبادلہ کے تمام مجاز ڈیلروں کے صدور / چیف ایگزیکٹوز

محترم / محترمہ

درآمدات پر پیشگی ادائیگی سے متعلق ہدایات میں ترمیم

مجاز ڈیلروں کی توجہ اُن ہدایات کی طرف دلائی جاتی ہے جو 28 جنوری 2020ء کو ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 01 کے ذریعے جاری کی گئیں جن میں درآمدات پر فی انوائس 10 ہزار ڈالر یا دیگر کرنسیوں میں مساوی رقم پیشگی ادائیگی کی اشیاساز اور صنعتی اداروں اور تجارتی درآمد کنندگان کو اجازت دی گئی تھی تاکہ وہ خام مال، فاضل پرزے اور مشینری درآمد کر سکیں، جنہیں آخر کار اشیاساز اور صنعتی ادارے استعمال کریں گے۔

2۔ اشیاساز اور صنعتی اداروں کی مزید سہولت کے لیے مذکورہ بالا ہدایات میں ردوبدل کیا گیاہے۔ آئندہ سے مجاز ڈیلرز کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ فی انوائس 25 ہزار ڈالر یا دیگر کرنسیوں میں مساوی رقم اشیاسازوں اور صنعتی اداروں اور تجارتی درآمد کنندگان کی طرف سے پیشگی ادا کر سکتے ہیں تاکہ وہ خام مال، فاضل پرزے اور مشینری درآمد کر سکیں، جنہیں آخر کار اشیاساز اور صنعتی ادارے استعمال کریں گے۔

3۔ دیگر تمام قواعد اور شرائط کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔

4۔ مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ یہ ہدایات اپنے تمام ماتحتوں کے علم میں لے آئیں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ مذکورہ موضوع پر اور دیگر تمام متعلقہ ہدایات کی مکمل تعمیل کی جائے۔

آپ کا مخلص

(ارشد محمود بھٹی)

ڈائریکٹر